07-10-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ڈگری حاصل کرنا تعلیم کا اختتام نہیں بلکہ ایک ذمہ دارنئی زندگی کا آغاز ہے۔امبیڈکر اوپن یونیورسٹی کے 27ویں کانوکیشن تقریب سے گورنر کا خطاب۔

۲۔بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ ڈاکٹر کے لکشمن نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ہندوستان دنیا کی چوتھی سب سے بڑی معاشی طاقت کے طور پر ابھرا ہے۔

۳۔تلنگانہ کے نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ یادادری پاور پلانٹ کو کوئلہ فراہم کرنے کے سلسلہ میں سابق حکومت کی جانب سے کیئے گئے تین معاہدوں میں سے کوئی بھی مکمل طور پر نافذ نہیں ہوسکا۔

اور

۴۔ریاست میں روزگار ضمانت کے کاموں میں مزدوروں کی شرکت گزشتہ پانچ برسوں کے دوران اکتوبر میں ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی۔منگل کے روز ایک ہی دن میں 2لاکھ 54ہزار 812 مزدوروں نے روزگار کے کاموں میں شرکت کی۔

Revanth Reddy

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ سدی پیٹ ضلع کے مرکوک منڈل کے یراوَلی میں سروے نمبر 325 کے تحت موجود 145 ایکڑ متنازعہ زمین کی نشاندہی کیلئے فوری طور پر سروے نوٹیفکیشن جاری کیا جائے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ سروے کے بعد جو زمین حکومت کے قبضہ میں آئے گی اس پر تلنگانہ تحریک کے شہیدوں کے خاندانوں کے لئے ایک خصوصی

کالونی تعمیر کی جائے اور اسے آئندہ 2 جون تک مکمل کیا جائے۔ باقی زمین اہل کسانوں میں تقسیم کرنے کی ہدایت بھی دی۔ایک جائزہ اجلاس کے دوران وزیر اعلیٰ نے ویلی کٹہ میں ایجوکیشن ہب قائم کرنے کی بھی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ ملنا ساگر کے پانی کا غیر قانونی استعمال کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔

Desk

Minister Vivek

ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی نے کہا کہ حکومت نئی کوئلہ کانیں قائم کرنے کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔ منچریال ضلع کے مندامری میں 31 لاکھ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والی سڑک کے کاموں کا وزیر نے سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر وزیر نے کہا کہ سنگارینی کوئلہ کمپنی کو موجودہ 70 ملین ٹن کی پیداوار کے ہدف سے 100 ملین ٹن تک پہنچانے کے لئے نئی کوئلہ کانوں کا قیام ضروری ہے۔انہوں نے الزام عائد کیا کہ سابق وزیر اعلیٰ کے چندر شیکھر راؤ کے مبینہ غیر دانشمندانہ فیصلوں کے باعث نئی کوئلہ کانیں قائم نہیں کی جاسکیں۔

PTC-Mancherial

Serving the Nation through Public Service – Voice Cast

وزیر اعظم نریندر مودی 'جن سیوا کے ذریعہ دیش سیوا' کے عزم کے ساتھ عوامی خدمت کے 25 سال مکمل کرتے ہوئے مسلسل عزم کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں۔ مرکزی حکومت خدمت اور بہتر حکمرانی کے اصولوں کی رہنمائی میں 2047 تک 'وکست بھارت' کے ہدف کے حصول کے لئے مسلسل کوششیں کر رہی ہے۔ جامع ترقی اور سماجی بااختیاری کے ذریعہ حکومت کی یہ کوششیں عوام کی

زندگیوں میں مطلوبہ تبدیلی لانے کی سمت میں آگے بڑھ رہی ہیں۔اس خصوص پروگرام میں وزیراعظم نریندر مودی کا ویژن کس طرح سے عمل میں آیا ہےاس کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے۔ایودھیا میں شری رام مندر کی تعمیر کروڑوں ہندوستانیوں کا دیرینہ خواب تھا۔اس خواب کی تکمیل ہر ہندوستانی کیلئے باعث فخر ہے۔رام مندر محض ایک مندر نہیں بلکہ ملک کے روحانی اور ثقافتی ورثہ کی علامت بھی ہے۔شری رام کے نظریات، راست زندگی اور جذبہ خدمت آج کی نسل کے لئے بھی تحریک کا ذریعہ ہیں۔ایودھیا میں تعمیر کیا گیا عظیم الشان رام مندر ملک کے عوام کے عقیدہ اوراتحاد کی علامت بن کرابھر رہا ہے۔اس تاریخی پیش رفت کے حوالہ سے جگتیال ضلع سے تعلق رکھنے والے ہیما جانے آکاش وانی کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

Byte-Hemaja

PTC-Jagtial

Seva Jyothi Yatra

وزیراعظم نریندر مودی کے عوامی نمائندہ کی حیثیت سے 25 سالہ مسلسل عوامی خدمت کی تکمیل کے موقع پر خیرت آباد میں 'سیوا جیوتی یاترا' کے نام سے ایک عظیم الشان بائیک ریلی اور 'وکست بھارت سنکلپ سبھا' کا انعقاد کیا گیا۔اس پروگرام میں مرکزی وزیر جی کشن ریڈی، بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ اور دیگر اہم قائدین نے شرکت کی۔جلسہ گاہ کے اسٹیج پر 'سیوا جیوتی' نصب کی گئی۔اس کے بعد وزیراعظم نریندر مودی کا ورچوئل پیغام دیکھا گیا۔بعدازاں کشن ریڈی نے 2047 تک 'وکست بھارت' کے ہدف کے حصول کے لئے قائدین اور کارکنوں کے ساتھ اجتماعی عہد لیا۔

PTC-Hyderabad

Bandi Sanjay

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کا مقصد ملک کی فلاح و بہبود ہے اور غریب خاندانوں کی زندگیوں میں روشنی لانے کے لئے وہ مسلسل کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کا کوئی ذاتی خاندان یا مفاد نہیں، بلکہ ملک کے عوام ہی ان کا خاندان ہیں۔ کریم نگر میں منعقدہ 'سیوا جیوتی' پروگرام میں مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے شرکت کی۔ پروگرام کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کی 25 سالہ طویل عوامی خدمت اور 2047 تک 'وکست بھارت' کے ہدف کے حصول کے لئے ان کی کوششوں کو سراہا۔ بنڈی سنجے نے کہا کہ وزیر اعظم مودی کی قیادت میں ہندوستان حاصل کر رہی ترقی کو عوام تسلیم کریں۔ انہوں نے وزیر اعظم کی صحت و تندرستی اور طویل عمر کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا تاکہ وہ طویل عرصہ تک ملک کی خدمت کرتے رہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اسی مقصد کے تحت 'سیوا جیوتی' پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔

PTC-Karimnagar

Yadadri Bhatti

تلنگانہ کے نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرمارکا نے کہا کہ یادادری بھوپال پلی پاور پلانٹ کو کوئلہ فراہم کرنے کے سلسلہ میں سابق حکومت کی جانب سے کئے گئے تین معاہدوں میں سے کوئی بھی مکمل طور پر نافذ نہیں ہو سکا۔ انہوں نے بتایا کہ 2016 میں سنگارینی سے 7 ملین ٹن درآمد کے ذریعہ مزید 7 ملین ٹن کوئلہ حاصل کرنے کے معاہدے کیے گئے تھے لیکن 2022 میں ان معاہدوں میں تبدیلی کرتے ہوئے مکمل 14 ملین ٹن کوئلہ سنگارینی سے فراہم کرنے کا فیصلہ کیا

گیا۔ بھٹی وکرامارکہ نے سوال کیا کہ جب سنگارینی کی G-9 گریڈ کوئلہ کی پیداواری صلاحیت صرف 1.71 ملین ٹن ہے تو کوئلہ کی عدم دستیابی کے باوجود پاور پلانٹ کیسے چلایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق حکومت کو 10 سال اقتدار میں رہنے کے دوران کیئے گئے کاموں کا جواب دینا چاہیئے، محض اپوزیشن میں ہونے کی وجہ سے ہر معاملہ پر بیان دینا مناسب نہیں۔ نائب وزیر اعلیٰ نے الزام عائد کیا کہ سابق حکومت نے 2014 سے 2024 کے درمیان 14 کوئلہ بلاکس بند کیئے اور نئے بلاکس کی نیلامی میں سنگارینی کو حصہ لینے کی اجازت نہیں دی، جس کے نتیجہ میں کوئلے کی پیداوار میں 15 ملین ٹن کی کمی واقع ہوئی۔

Desk

Toll-free

کسان اپنی مشکلات کے حل کے لئے ٹول فری نمبر 1800-180-1551 پر فون کر کے تلگو زبان میں فوری مشورہ حاصل کر سکتے ہیں۔ محکمہ زراعت کے ڈائرکٹر ڈاکٹر بی گوپی نے یہ بات بتائی۔ مرکزی محکمہ زراعت کے تحت 2004 سے کام کرنے والا کسان ہیلپ لائن سنٹر حیدرآباد میں واقع کمشنر زراعت کے دفتر میں خدمات انجام دے رہا ہے۔ کسان فصلوں کی کاشت، سرکاری اسکیموں، مویشی پالن، موسم کی معلومات کے علاوہ اپنی شکایات بھی درج کرا سکتے ہیں۔ یہ خدمات روزانہ صبح 6 بجے سے رات 10 بجے تک دستیاب رہیں گی۔ ڈائرکٹر نے اے ای اوز اور ایم اے اوز کو ہدایت دی کہ وہ کسانوں میں ان خدمات کے بارے میں وسیع پیمانے پر آگاہی پیدا کریں۔

Desk

CS

ریاستی حکومت کے چیف سکریٹری سنجے جاجو نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لئے مختلف محکمہ باہمی تال میل کے ساتھ موثر اقدامات کریں۔انویسٹ تلنگانہ گورننگ کونسل کا پہلا اجلاس آج سکریٹریٹ میں منعقد ہوا۔اجلاس میں صنعت کاروں کو تیز رفتار منظوری، بنیادی سہولیات اور ضروری حکومتی تعاون کی فراہمی پر جائزہ لیا گیا۔چیف سکریٹری نے ہدایت دی کہ تلنگانہ میں سرمایہ کاری کے مواقع کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر وسیع پیمانے پر اجاگر کیا جائے۔انہوں نے پہلے سے سرمایہ کاری کرنے والی کمپنیوں کے ساتھ مسلسل رابطہ برقرار رکھنے کی بھی ہدایت دی۔انہوں نے کہا کہ 'انویسٹ تلنگانہ'، تلنگانہ رائزنگ کے اہداف کے مطابق سرمایہ کاری، صنعتوں اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں ریاست کو سرفہرست بنانے کے لئے ایک اہم پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے۔

Desk

Harish Rao

بی آر ایس قانون ساز پارٹی کے ڈپٹی لیڈر ہریش راؤ نے الزام عائد کیا ہے کہ ریاست میں بجلی کے بحران کی وجہ حکومت کی لاپروائی ہے۔انہوں نے تنقید کی کہ اپوزیشن کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کا نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے مناسب جواب نہیں دیا۔ہریش راؤ نے مطالبہ کیا کہ ٹریواَپ چارجز کے نام پر عوام پر عائد کئے گئے 5,420 کروڑ روپے کے بوجھ کو واپس لیا جائے۔انہوں نے سوال کیا کہ اگر ریاست میں بجلی کی فراہمی مناسب طریقہ سے ہورہی ہے تو کسان سب اسٹیشنوں کے سامنے اور سڑکوں پر احتجاج کیوں کررہے ہیں۔

Desk

Governor's Convocation Ceremony

گورنر شیو پرتاپ شکلا نے کہا کہ ڈگری حاصل کرنا تعلیم کا اختتام نہیں بلکہ ایک ذمہ دارنئی زندگی کا آغاز ہے۔ وہ چہارشنبہ کو حیدرآباد کی ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اوپن یونیورسٹی کی 27 ویں کانووکیشن تقریب سے بحیثیت چانسلر خطاب کررہے تھے۔ گورنر نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ ڈگری کے ساتھ ساتھ اپنی صلاحیتوں اور جذبہ خدمت کو بھی فروغ دیں اور وکست بھارت کی تعمیر میں نوجوانوں کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیئے۔ انہوں نے نوجوانوں کو منشیات سے دور رکھنے کے لئے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنے کی اپیل کی۔ کانووکیشن تقریب میں 36,145 طلبہ کو ڈگریاں اور 38 طلبہ کو طلائی تمغے عطا کئے گئے۔ اس موقع پر 27 قیدیوں نے بھی ڈگریاں حاصل کیں۔ معروف ہدایت کار بی نرسنگ راؤ کو اعزازی ڈاکٹریٹ سے نوازا گیا۔

Desk

Governor, Prime Minister

وزیراعظم نریندر مودی کے عوامی خدمت کے میدان میں 25 سال مکمل کرنے کے موقع پر تلنگانہ کے گورنر شیو پرتاپ شکلا نے انہیں مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت کے تئیں وزیراعظم مودی کی وابستگی اور عزم قابلِ تعریف ہے۔ گورنر نے ملک کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لئے وزیراعظم کی کوششوں کو سراہا۔ گورنر نے اسے ایک اہم سنگِ میل قرار دیتے ہوئے وزیراعظم کی مکمل صحت اور درازی عمر کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے دعا کی کہ بھگوان انہیں ملک کے عوام کی مزید خدمت کرنے کی طاقت اور صلاحیت عطا کرے۔

Desk

Lakshman

بی جے پی کے راجیہ سبھا رکن اور پارلیمانی بورڈ کے رکن ڈاکٹر کے لکشمن نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ہندوستان دنیا کی چوتھی سب سے بڑی معاشی طاقت کے طور پر ابھرا ہے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ 2047 تک ’وکست بھارت‘ کے ہدف کے حصول میں ہر فرد اپنا کردار ادا کرے۔ڈاکٹر لکشمن نے حیدرآباد کے چندانگر میں واقع کرسٹل گارڈنس سے امبیڈکر مجسمہ تک منعقدہ ’سیوا جیوتی یاترا‘ میں شرکت کی۔

Desk

Seethakka

ریاست میں روزگار ضمانت کے کاموں میں مزدوروں کی شرکت گزشتہ پانچ برسوں کے دوران اکتوبر میں ریکارڈ سطح پر پہنچ گئی۔منگل کے روز ایک ہی دن میں 2 لاکھ 54 ہزار 812 مزدوروں نے روزگار کے کاموں میں شرکت کی۔ حکام کے مطابق، وی بی جی رام جی کے نفاذ کے آغاز کے بعد ریاست میں یہ سب سے زیادہ یومیہ حاضری ہے۔اکتوبر 2025 میں روزانہ اوسطاً 24 ہزار 750 مزدور کام پر حاضر ہوتے تھے جبکہ رواں سال اکتوبر میں یہ تعداد بڑھ کر 2.16 لاکھ تک پہنچ گئی ہے۔وزیر سیتا اکا نے کہا کہ ایل نینو کے اثرات کے باعث زرعی کاموں میں کمی کے پیش نظر کام کا مطالبہ کرنے والے ہر خاندان کو جلد روزگار فراہم کیا جائے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ نئے درخواست گزاروں کو 15 دن کے اندر جاب کارڈس جاری کیئے جائیں۔

Desk

Uttam

ریاستی وزیراتم کمار ریڈی نے کہا کہ ووٹ کی قدر واہمیت کے تحفظ کے لئے راہول گاندھی کی جانب سے کی جانے والی جدوجہد کو پولیس بیر کیڈس کے ذریعہ نہیں روکا جاسکتا۔دہلی میں الیکشن کمیشن کے دفتر جانے کی کوشش کرنے والے راہول گاندھی اور دیگر اپوزیشن عوامی نمائندوں کو پولیس کی جانب سے حراست میں لئے جانے کے واقعہ پر حیدرآباد میں ردعمل ظاہر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندوں کو حراست میں لینے سے ان کے سوالات کو دبایا نہیں جاسکتا۔اتم کمار ریڈی نے مطالبہ کیا کہ ووٹر فہرستوں کی نظر ثانی اور ناموں کے اخراج کی وجوہات پر الیکشن کمیشن کو کھلے طور پر وضاحت پیش کرنی چاہئے۔

Desk

Fair

حیدرآباد کے امیر پیٹ کما سنگم ہال میں NABARD کے زیرِ اہتمام منعقدہ 'گرامین بھارت مہوتسو۔تلنگانہ 2026' ہینڈلوم اور دستکاری نمائش کا تلنگانہ کے گورنر شیو پرتاپ شکلا نے افتتاح کیا۔اس موقع پر گورنر نے کہا کہ ملک میں موجود 64 لاکھ سے زائد کاریگروں اور بنکروں میں تقریباً 65 سے 70 فیصد خواتین کا ہونا باعث فخر ہے۔انہوں نے کہا کہ سیلف ہیلپ گروپس، پی ایم وشواکرما اور ODOP جیسی اسکیموں کے ذریعہ دیہی کاریگروں کو بھرپور حوصلہ مل رہا ہے۔NABARD کے سی جی ایم اُدے بھاسکر نے بتایا کہ یہ نمائش 14 اکتوبر تک جاری رہے گی اور اس میں 22 ریاستوں سے کاریگر شرکت کر رہے ہیں۔آر بی آئی کے ریجنل ڈائرکٹر چنامائی کمار نے کہا کہ معدوم ہوتی روایتی دستکاریوں کے تحفظ میں یہ مہوتسو اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

PTC-HYD

○○